# MUJALLAH

# TALIBAN 25

RAMADHAN 1445, APRIL 2024

مجلہ تحریک طالبان پاکستان
25
رمضان المبارک ۱۴۴۵ ق بمطابق اپریل ۲۰۲۴



- ہائے یوم پاکستان
- پاکستان کے پاس صرف ایک راستہ ہے
- لیلۃ القدر کی قدر و منزلت اور عظمت و اہمیت

# فہرست مضامین


01 اداریہ
اداروں کی سرپرستی میں چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کے بڑھتے واقعات

02 تذکرہ حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ
رضاء الدین صدیقی

03 لیلۃ القدر کی قدر و منزلت اور عظمت و اہمیت
محمد عبدالمتعالی نعمان

04 ہائے! یومِ پاکستان — عبداللہ مجاہد

05 دورِ حاضر میں حق کی دعوت کو سمجھنے میں دشواریاں — حمزہ خان

06 معیشت یا بیوروکریسی؟ — آصف محمود کا انڈپینڈنٹ اردو پر شائع ہونے والا کالم

07 پاکستان کے پاس صرف ایک ہی راستہ ہے — مولانا خالد قریشی

08 آئینِ پاکستان، اسلامی یا غیرِ اسلامی؟ قسط(۱۰) — شیخ عبدالرحمن حماد

09 ”رہنمائے قافلۂ حق“
امارت اسلامیہ افغانستان کے سرکردہ رہنماؤں کی سوانحِ حیات پر لکھی گئی پشتو کتاب ”د سپین کاروان سرلاري“ کا اردو ترجمہ قسط(۱۰)

10 یہود کی ساڑھے تین ہزار سالہ مختصر تاریخ قسط(۴) — مفتی غفران صاحب

11 اگر پکے کے ڈاکو کچے کے ڈاکوؤں کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو...؟ — نشر مکرر

12 حملوں کی ماہانہ رپورٹ



# اداریہ

## اداروں کی سرپرستی میں چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کے بڑھتے واقعات

مملکت خداداد پاکستان میں دن بدن چوری، ڈکیتی اور لوٹ مار کے واقعات میں اضافہ ہوتا جارہا ہے، کئی واقعات میں شہریوں کو اپنی جان سے بھی ہاتھ دھونا پڑا ہے۔ پولیس کی سرپرستی میں بڑے بڑے گینگز ہیں جو ڈکیتیوں اور اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث ہیں۔ بعض واقعات ایسے بھی پائے گئے ہیں جن میں پولیس کے حاضر سروس اہلکار ملوث نکلے ہیں۔ جرائم پیشہ عناصر کی ان بڑھتی ہوئی کاروائیوں کے نتیجے میں عام شہری اپنے آپ کو غیر محفوظ تصور کر رہا ہے۔

ان واقعات کی ایک بڑی وجہ غربت اور مہنگائی کے ساتھ ساتھ ملک کے سیکیورٹی اداروں کا ان جرائم پیشہ عناصر کو تحفظ فراہم کرنا اور اپنا حصہ وصول کرنا بھی ہے۔ ایک طرف تو عوامی سطح پر پولیس کی سرپرستی میں یہ لوٹ کھسوٹ جاری ہے، جس سے عام شہری کی زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی ہے تو دوسری طرف ملک کی فوج ملکی سطح پر قومی وسائل کو لوٹنے میں ملوث ہے۔ غیر قانونی کاروبار ہوں یا بارڈر سے نان کسٹم اشیاء کی سمگلنگ... فوج اپنا حصہ پوری طرح وصول کرتی ہے۔ بڑے بڑے جرائم پولیس اور فوج کی سرپرستی میں ہو رہے ہیں۔

مزید یہ کہ لٹنے والی غریب عوام جب انصاف کے حصول کے لیے تھانے کا رخ کرتی ہے تو FIR کٹوانے کے لیے بھی عوام الناس کو ان نام نہاد محافظوں کی جیبیں گرم کرنی پڑتی ہیں اور نتیجہ صفر ہی رہتا ہے۔ اس طرح ایک طرف تو چور اور ڈاکو ہیں اور دوسری طرف نام نہاد محافظ جو مل کر دونوں ہاتھوں سے عوام کو لوٹنے میں مصروف عمل ہیں۔

ان تمام حالات اور واقعات میں پاکستانی شہریوں کو اپنی آنکھیں کھولنی ہوں گی اور ان نام نہاد محافظوں کا حقیقی چہرہ پہچان کر ان کے خلاف منظم ہو کر عملی جدوجہد کرنی ہوگی وگرنہ ایسے واقعات میں دن بدن اضافہ ہی ہوگا اور ملک کی حالت بد سے بدتر ہوتی چلی جائے گی۔ حفظنا اللہ منھا۔

# تذکرہ حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ

رضاء الدین صدیقی

حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ خاندان نجار کے رئیس تھے، جد رسول حضرت عبدالمطلب کی والدہ سلمہ بنت عمرو، رشتہ میں حضرت انس بن نضر کی پھوپھی ہیں۔ حضور ﷺ کے خدمت گار خصوصی حضرت انس بن مالک آپ کے سگے بھتیجے ہیں۔ انہی کے نام پر آپ کا نام انس رکھا گیا، کسی وجہ سے غزوہ بدر میں شریک نہیں ہوسکے تھے، اس غیر حاضری پر انہیں بڑا ملال رہتا تھا۔ فرمایا کرتے تھے: یہ حق و باطل کے درمیان پہلا معرکہ تھا جس میں جناب رسول اللہ نے شرکت فرمائی اور میں اس سعادت سے محروم رہ گیا، اگر اللہ تعالیٰ نے پھر ایسا موقع عنایت فرمایا تو اللہ دیکھے گا کہ دین حق کو سربلند کرنے کیلیئے میں کیا کارنامے سرانجام دیتا ہوں۔

غزوہ احد میں بڑے ہی ذوق و شوق سے شریک ہوئے، اس جنگ میں اچانک ایسا سانحہ رونما ہوا کہ مسلمانوں میں بھگدڑ مچ گئی۔ آپ نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا: ''الٰہی! جو کچھ مسلمانوں سے سرزد ہوا میں اس کیلیئے معافی کا طلبگار ہوں اور جو کچھ مشرکین نے کیا ہے اس سے میں لاتعلقی کا اظہار کرتا ہوں''۔

ان کا گزر ایسی جگہ سے ہوا جہاں چند صحابہ کرام مایوسی کے عالم میں بیٹھے ہوئے تھے، انہوں نے پوچھا کہ اس طرح کیوں بیٹھے ہو؟ بڑی بے بسی سے کہنے لگے، حضور شہید ہو گئے ہیں، اب ہم کیا کریں۔ آپ نے انکو جھڑکتے ہوئے کہا: حضور کے بعد زندہ رہ کر تم کیا کرو گے، اٹھو اور اس مقصد کیلیئے اپنی جان قربان کردو جس مقصد کیلیئے ہمارے آقا نے جان دی ہے۔

یہ کہہ کر آگے بڑھے، جبل احد کے پاس حضرت سعد بن معاذ سے ملاقات ہوگئی، انھوں نے کہا: انس میں تمہارے ساتھ ہوں، حضرت انس کفار کی صفوں میں گھس گئے، باربار کہہ رہے تھے ''واہ! واہ! مجھے جنت کی خوشبو آرہی ہے، نضر کے پروردگار کی قسم! میں جبل احد کی طرف سے جنت کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں''۔

بڑی جرأت سے مصروف پیکار رہے یہاں تک کہ جام شہادت نوش کیا، حضرت انس بن مالک کہتے ہیں کہ نیزوں، تیروں اور تلواروں کے اَسی سے زیادہ زخم انکے جسم پر لگے ہوئے تھے۔ مشرکین نے اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ اس بے دردی سے انکی لاش کا مثلہ کردیا کہ وہ پہچانی نہیں جاتی تھی۔ ان کی ہمشیرہ نے ایک انگلی کے پورے یا ایک تل کے نشان سے ان کو بمشکل پہچانا۔ انس بن مالک کہتے ہیں، قرآن کی یہ آیت انکے حق میں نازل ہوئی:


**من المؤمنين رجال صدقوا ما عاهدوا اللّٰه عليه**

''اہل ایمان میں ایسے جواں مرد ہیں جنہوں نے سچا کر دکھایا جو وعدہ انھوں نے اللہ سے کیا تھا''۔

ایک بار انکی بہن ربیع بنت نضر کے بارے میں یہ فیصلہ ہوا کہ قصاص میں ان کا دانت توڑ دیا جائے تو انس بن نضر نے کہا: یارسول اللہ! خدا کی قسم ربیع کا دانت نہ توڑا جائیگا، انھوں نے اللہ پر اعتماد کر کے قسم کھائی تھی۔ حالات ایسے ہوئے کہ دوسرا فریق دیت لینے پر راضی ہوگیا اور ربیع قصاص سے بچ گئیں' اس پر حضور نے ارشاد فرمایا: خدا کے بعض بندے ایسے بھی ہیں کہ جب قسم کھاتے ہیں تو خدا انکی قسم پوری کرتا ہے۔ (بخاری، ج ۲، ص ۴۶)

# لیلۃ القدر
## کی قدرومنزلت اور عظمت واہمیت

محمد عبدالمتعالی نعمان



رمضان المبارک ہزاروں رحمتوں، برکتوں، سعادتوں، مغفرتوں اور روحانی مسرتوں کو اپنے دامن میں لیے ہم پر سایہ فگن ہے۔ یہ خالق کائنات کی طرف سے انسانیت کے لیے ایک عظیم الشان تحفہ اور بہت بڑا انعام ہے جس کا ہر لمحہ، ہر ساعت اور ہر گھڑی نہایت قیمتی اور بابرکت ہے۔اسی رمضان الکریم کی مبارک راتوں میں ایک مبارک اور قدرومنزلت والی رات ایسی ہے جس میں عبادت کرنا ہزار مہینے کی عبادت سے افضل ہے،جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں ’’لیلۃ القدر‘‘ کے نام سے موسوم کیا ہے،یہ اس ماہ مقدس کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے ایک ہے۔ارشاد ربانی ہے: ’’بے شک، ہم نے اس (قرآن) کو لیلۃ القدر میں نازل کرنا شروع کیا اور تمہیں کیا معلوم کہ لیلۃ القدر کیا ہے؟لیلۃ القدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے اس میں روح (الامینؑ) اور فرشتے ہر کام کے (انتظام کے لیے) اپنے پروردگار کے حکم سے اترتے ہیں۔ یہ (رات) طلوع صبح تک (امان) سلامتی ہے۔

باری تعالیٰ نے اس سورۂ مبارکہ میں لیلۃ القدر (شب قدر) کی عظمت کی چار بنیادی خصوصیات بیان کی ہیں۔(۱) نزول قرآن،(۲) نزول ملائکہ،(۳) ہزار مہینوں سے افضل رات، (۴) پوری شب سلامتی اور رحمت۔واضح رہے کہ یہ شب مبارک اس قدر اہمیت وفضیلت والی ہے کہ اس کی ایک رات کی اخلاص کے ساتھ عبادت اہل ایمان کے لیے۸۳ برس چار ماہ کی عبادتوں سے بھی افضل ہے۔ یہ تو صرف کم از کم حد بیان ہوئی ہے۔ ہزاروں مہینوں سے کس قدر افضل ہے اس کی مقدار اللہ تبارک وتعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں۔’’لیلۃ القدر‘‘ عربی زبان کے لفظ ہیں۔ لیل کے معنیٰ ’’رات‘‘ اور قدر کے معنی ’’بزرگی اور بڑائی‘‘ کے ہیں۔ لیلۃ القدر (شب قدر) یعنی بڑائی اور بزرگی والی رات۔ امام زہریؒ فرماتے ہیں: ’’قدر کے معنی مرتبے کے ہیں، چوں کہ یہ رات باقی راتوں کے مقابلے میں شرف ومرتبے کے لحاظ سے بہت بلند ہے، اسی لیے اسے لیلۃ القدر کہتے ہیں۔اس رات کو شب قدر کے نام سے تعبیر کرنے کی وجہ یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ اس رات میں اللہ تعالیٰ نے اپنی نہایت قابل قدر کتاب (قرآن مجید)، قابل قدر امت کے لیے صاحب قدر رسول ﷺ کی معرفت نازل فرمائی۔ یہی وجہ ہے کہ سورۃ القدر میں لفظ ’’قدر‘‘ تین مرتبہ آیا ہے۔(تفسیر کبیر)

شب قدر کیوں عطا ہوئی:۔شب قدر کے حصول کا سب سے اہم سبب رحمۃ للعالمین،خاتم النبیین، سید المرسلین حضرت محمد ﷺ نے اپنی امت کو سابقہ امتوں کے لوگوں کی عمروں سے آگاہ فرمایا جو کہ بہت طویل تھیں ، آپ ﷺ نے سوچا کہ پہلی امتوں کی عمریں بہت لمبی ہیں، جب کہ میری امت کے لوگوں کی عمریں بہت تھوڑی،اگر وہ نیک اعمال میں ان (پہلی امتوں) کی برابری بھی کرنا چاہیں تو ناممکن ہے،تو اسی کی تلافی میں یہ رات عطا کی گئی۔ایک دوسری روایت میں ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے صحابۂ کرامؓ کے سامنے بنی اسرائیل کے چار انبیاءؑ حضرت ایوبؑ، حضرت زکریاؑ، حضرت حزقیلؑ اور

حضرت یوشعؑ کا ذکر کرتے فرمایا کہ یہ حضرات ۸۰/۸۰ سال تک اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہے اور پلک جھپکنے کے برابر بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی۔ صحابہ کرامؓ کو ان برگزیدہ ہستیوں پر بہت رشک آیا۔امام قرطبیؒ لکھتے ہیں کہ اس وقت جبرائیل علیہ السلام آپؐ کی بارگاہ اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۔"اے نبی محترم ﷺ! آپؐ کی امت کے لوگ ان سابقہ لوگوں کی اسی سالہ عبادت پر رشک کر رہے ہیں تو آپؐ کے رب نے آپؐ کو اس سے بہتر عطا فرما دیا ہے اور پھر سورۃ القدر تلاوت کی۔ اس پر نبی کریم ﷺ کا چہرۂ اقدس فرطِ مسرت سے چمک اٹھا۔ (تفسیر قرطبی)یوں اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے حبیب ﷺ کے طفیل امت محمدی پر کرم فرما کر امت کو لیلۃ القدر جیسا تحفہ عنایت فرمایا اور اس میں عبادت کو اسّی نہیں تراسی سال چار ماہ سے بھی بڑھ کر قرار دیا۔ بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت وسیع اور بے حساب ہے۔

احادیث نبویؐ میں "لیلۃ القدر" کو رمضان المبارک کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں تلاش کرنے کا حکم آیا ہے۔ البتہ ۲۷ویں شب، شب قدر ہونے کا زیادہ احتمال ہے۔ جمہور علماء کا یہی قول ہے۔ صحیح بخاری میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "لیلۃ القدر" کو رمضان کے آخری عشرے میں تلاش کرو، جب کہ "صحیح مسلم" میں حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، لیلۃ القدر کو رمضان المبارک کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں طلب کرو۔ (تفسیر مظہری)

حضرت عبادہ بن صامتؓ نے نبی کریم ﷺ سے شب قدر کے بارے میں دریافت کیا تو آپؐ نے ارشاد فرمایا: یہ رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں ہے۔ ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷، ۲۹ یا رمضان کی آخری رات میں جو شخص ایمان کے ساتھ ثواب کی نیت سے اس رات میں عبادت کرے اس کے پچھلے تمام گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ اس رات کی منجملہ اور علامات یہ ہیں کہ وہ رات کھلی ہوئی چمک دار ہوتی ہے۔ صاف وشفاف، نہ زیادہ گرم اور نہ زیادہ ٹھنڈی، بلکہ معتدل گویا اس میں (انوارات کی کثرت کی وجہ سے) چاند کھلا ہوا ہے۔ اس رات صبح تک آسمان کے ستارے شیاطین کو نہیں مارے جاتے،نیز اس کی علامتوں میں سے یہ بھی ہے کہ اس کے بعد کی صبح کو آفتاب بغیر شعاع کے طلوع ہوتا ہے،بالکل ہموار ہوتا ہے۔ جیسا کہ چودھویں رات کا چاند، اللہ تعالیٰ نے اس دن کے آفتاب کے طلوع کے وقت شیطان کو اس کے ساتھ نکلنے سے روک دیا۔(در منثور)لیلۃ القدر کی فضیلت حاصل کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ آدمی آخری عشرے میں عبادت میں اعتکاف میں بیٹھ جائے، کیوں کہ اعتکاف خود مستقل عبادت ہے۔اس طرح آخری عشرے کا کوئی بھی لمحہ عبادت کے بغیر نہیں گزرے گا اور انشاء اللہ لیلۃ القدر کی فضیلت یقینی طور پر میسر آجائے گی۔

شب قدر جہاں انتہائی قدرومنزلت، رحمتوں، برکتوں، بخشش، مغفرت اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے بے پناہ فضل وکرم اور انعامات کی رات ہے وہیں اس مبارک شب میں بے شمار افراد اللہ کے فضل اور اس کی بخشش ومغفرت سے محروم رہتے ہیں اور ان پر اللہ تبارک وتعالیٰ کی نظر عنایت نہیں ہوتی۔ احادیث مبارکہ کے مطابق کبیرہ گناہوں میں ملوث / مبتلا افراد جیسے مشرک، عادی شرابی،ماں باپ کا نافرمان، کینہ پرور، رشتے داروں اور اپنے مسلمان بھائیوں سے بغض وعداوت رکھنے والا اور ناحق قطع تعلق رکھنے والا۔الا یہ کہ وہ "توبۃ النصوح" یعنی سچی توبہ کرلیں اور آئندہ گناہ نہ کرنے کا پکا عہد اور کوشش کریں۔



# ہائے! یومِ پاکستان

عبداللہ مجاہد

اس سال بھی مارچ میں یوم پاکستان پر وہی نمائشی پروگرام کیا گیا جو ہر سال کیا جاتا ہے اور خود ہی اپنے پروگرام دیکھ کر خوش ہوتے رہے۔

یہ غوری میزائل، یہ خالد ٹینک اور نہ جانے کیا کیا؟۔ اوقات اتنی ہے کہ کشمیر، فلسطین تو کیا فتح کرنا ان سے کچے کے ڈاکو کنٹرول نہیں ہو رہے۔ یہ صرف معصوم عوام پر گولہ باری کرسکتے ہیں ورنہ ان کی عسکری قوت سب کے سامنے عیاں ہے۔

دوسری طرف قوم بھی انکی چالاکیاں اور ڈرامے سمجھ چکی ہے۔ ایک طرف معیشت تاریخ کی بدترین حالت میں ہے دوسری طرف اربوں روپے اس نام نہاد طاقت کے مظاہرے کی تقریب پر پھونک دیے گئے، حالانکہ اوقات اتنی ہے کہ امریکہ کے کہنے پر پاک-ایران گیس پائپ لائن منصوبہ بھی ملتوی کر رکھا ہے۔

یہ دراصل اشرافیہ کا پاکستان ہے،یہاں پاکستان کا مفاد کوئی نہیں دیکھتا بلکہ جرنیلوں، سیاسی خاندانوں اور با اثر سرکاری افسران کا مفاد دیکھا جاتا ہے۔ پاکستان بنتے ہی اشرافیہ اس پر قابض ہوگئی اور پاکستان اور عوام کی حالت دن بدن خراب ہوتی گئی جبکہ جرنیلوں، سیاست دانوں اور بیوروکریسی کی حیثیت اور دولت میں اضافہ ہوتا گیا۔

ہماری ناکامی کی سب سے بڑی اور بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اسلامی قوانین و اصولوں کی قدر نہیں کی، ان سے استفادہ نہیں کیا اور علمائے حق کی نا صرف بے قدری کی بلکہ انہیں ہمیشہ ذلیل و خوار کیا۔

قیام پاکستان سے ہی پاکستان پر برطانوی نوکرشاہی (سول/ملٹری) بیوروکریسی نے اپنی گرفت مضبوط کرلی پھر جو بھی اس مفاد پرست اشرافیہ کی راہ میں حائل ہوا اسے قتل کروادیا گیا یا کسی بھی طرح راستے سے ہٹا دیا گیا۔

لیاقت علی خان کو قتل کروایا گیا، فاطمہ جناح کو الیکشن میں ہروایا گیا۔ ایسی بہت سی مثالیں ہیں، لیکن پچھلے دنوں جب بھارت میں جی-۲۰ اجلاس دیکھا تو امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد یاد آگئے جنہوں نے قیام پاکستان کے دوران ہی برطانوی ذہنیت رکھنے والی نوکر شاہی اور برطانوی روایات اور نظام کے امین لوگوں کا مشاہدہ کرلیا اور اسی مشاہدے کی بنا پر انہوں نے نا صرف پاکستان بننے کی مخالفت کی بلکہ پاکستان کے مستقبل کے بارے میں حیرت انگیز پیش گوئیاں بھی کیں اور انکی پیش گوئیوں کو حقیقت ملنے کی وجہ یہی ہے کہ انگریز کے جانے کے بعد بھی مغرب کی غلام اسٹیبلشمنٹ نے نہ انگریزی نظام کو بدلا نا ہی اپنے غلامانہ اور ظالمانہ نظریات بدلے بلکہ چند اسلامی باتیں ڈال کر انگریز کے قانون کو ہی اسلامی قانون بنانے کے چکر میں پڑ گئے ۔

مولانا آزاد نے یہ پیش گوئیاں معروف حریت پسند صحافی آغا شورش کاشمیری کو ۱۹۴۶ء میں ایک انٹریو میں کیں۔ جسے انہوں نے اپنی کتاب "ابوالکلام آزاد" میں شائع کیا۔ پیش گوئیاں پڑھیں اور مولانا آزاد کی عظمت اور مدبرانہ

صلاحیتیوں کی داد دیں۔

مولانا آزاد فرماتے ہیں:

مسلم لیگ کی لیڈر شپ کے آپ و گل سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہندوستان اس طرح تقسیم ہوا تو پاکستان میں اسلام نہیں رہے گا اور ہندوستان میں مسلمان نہیں ہوگا۔ یہ ایک سیاسی اندازہ ہے۔ جو ہوگا وہ اللہ تعالی کے علم میں ہے لیکن پاکستان میں اول مذہبی تصادم پیدا کیے جائیں گے، دوم وہاں اس قسم کے لوگ مسند اقتدار پر فروکش ہونگے جن سے دین کو سخت دھچکا لگے گا۔ عجب نہیں نئی پود پر اس کا رد عمل ہو اور وہ عصری تحریکوں کے لادین فلسفے کی ہوجائے۔ پاکستان میں علماء کی مزاحمت کے باوجود دین کی طاقت کمزور رہے گی حتی کہ پاکستان کی شکل بدل جائے گی۔

آگے فرماتے ہیں:

مسٹر جناح یا لیاقت علی خان تک تو مشرقی پاکستان کا اطمینان ڈانواڈول نہیں ہوگا کہ پاکستان کی تازگی انکے اتحاد کا باعث ہوگی لیکن ان کے بعد مشرقی پاکستان میں اس قسم کے آثار کا پھوٹنا یقینی ہے جو مغربی پاکستان سے اسکی بدظنی اور آخر کار علیحدگی کا موجب ہونگے۔ (یاد رہے یہ بات مولانا آزاد ۱۹۴۶ء میں کہہ رہے ہیں) مجھے شبہ ہے کہ مشرقی پاکستان زیادہ دیر مغربی پاکستان میں رہ سکے گا؟ (بعض جگہ یہ بھی پڑھا ہے کہ مولانا نے کہا تھا کہ ۲۵ سال سے زیادہ عرصہ اکٹھا نہیں رہ سکے گا)

مزید فرماتے ہیں:

خدانخواستہ مشرقی پاکستان الگ ہوگیا تو مغربی پاکستان تضادات و تصادمات کا مجموعہ بن جائے گا۔ پنجابی، سندھی، سرحدی اور بلوچی اختلافات و سوالات پیدا کیے گئے تو پاکستان ذہنی انتشار اور عالمی مفاد کی آماجگاہ بن جائے گا۔

آگے چل کر پاکستان کے بارے میں کہتے ہیں: اصل سوال دین کا نہیں معاش کا ہے، مسلمان امراء نے اپنی معاشی کمتری اور اقتصادی ناکامی کے خوف کو دو قومی نظریہ کی شکل دے کر فرقہ وارانہ مسائل کو اس انتہاء تک پہنچادیا ہے کہ اب انہیں ایک ہندوستان میں معاشی اقتدار کے لیے کوئی جگہ نظر نہیں آتی۔ وہ ایک اسلامی ریاست میں بلاشرکت غیرے معاشیات کے واحد مالک ہونگے لیکن کب تک مسلمانوں کو نظریاتی سحر میں مبتلا رکھ سکیں گے ؟۔

یاد رہے کہ مولاناابوالکلام آزاد ۱۹۴۶ء میں کہتے ہیں:

یہ غور طلب سوال ہے پاکستان کے سر پہ کئی چیزیں سوار ہونگی۔

سیاست دانوں کی ویرانی پر مسلمان ملکوں کی طرح فوجی انقلاب کے خطرے (یادرہے پاکستان پر ۴۰ سال کے قریب فوج نے اعلانیہ حکومت کی ہے اور محمد علی جناح کے بعد سے اب تک غیر اعلانیہ فوج ہی کی حکومت ہے) غیر ملکی قرضوں پر اندھا دھند بوجھ، ہمسایہ ملکوں سے جنگ کا خدشہ، اندرونی تضادات کے تصادمات، پاکستان کے نودولت سرمایہ داروں اور صنعت کاروں کی لوٹ، اس استحصال سے طبقاتی جنگ پیدا ہونے کے امکانات اسلام سے نئی پود کا گریز و فرار بالفاظ دیگر نظریہ پاکستان کا سقوط، عالمی طاقتوں کی پاکستان کے بارے میں مختلف سازشیں ۔ ادھر ان حالات میں پاکستان کا استحکام مخدوش ہوگا۔ ادھر اسلامی ملک اس قابل نہیں ہونگے کہ پاکستان کی اس طرح مدد کرسکیں جس طرح دوسری جنگ عظیم میں اتحادی ایک دوسرے کے معاون تھے۔(انتہائی غور طلب بات) غیر اسلامی ملکوں نے پاکستان کی مدد کی تو وہ ان کے مفادات کا ریلا لے کر آئے گی جس سے پاکستان میں نظریاتی اور جغرافیائی خلل کا پیدا ہونا یقینی ہے ۔

پاکستان کے عوام کو اب سمجھ جانا چاہیے کہ اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے کہ طاقت کے بل بوتے پر ظالم لوگوں کو راستے سے ہٹایا جائے اور دیانت دار، مخلص لوگوں کو اقتدار میں لایا جائے تاکہ پاکستان بھی آزادانہ طور پر ترقی کی راہ پر گامزن ہوسکے ۔

# دور حاضر میں حق کی دعوت کو سمجھنے میں دشواریاں

حمزہ خان

جس معاشرے کی سیاسی، معاشی اور اخلاقی ترقی محض مالی مفادات کے گرد گھومتی ہے وہاں حق کو سمجھنے میں پہلی بڑی اور واضح رکاوٹ غیر ضروری طور پر دولت کی محبت ہوا کرتی ہے ۔ ایسی کیفیت میں یہ مرض اپنے ساتھ دیگر امراض بھی ساتھ لاتا ہے جس میں قومیت، عصبیت اور جاہلیت کی بدترین شکل خود غرض فطرت بے مقصد دنیاوی معاملات میں دل اٹکائے رکھنے کا سب سے بڑا سبب بنتی ہے ۔ اگر واقعی اہل پاکستان حق کی دعوت بغیر کسی جماعت یا تحریک سے وابستہ ہوئے بغیر بھی سمجھنا چاہتے ہیں تو انہیں سوالوں کے جواب لازمی تلاش کرنے چاہئیں:

- موجودہ نظام یعنی کہ ناکام جمہوریت کے زیر اثر اس خطے میں بطور ریاست ہمارے معاملات مسلمانوں کے ساتھ کس نوعیت کے ہیں؟
- یہ ملک جس مقصد، جس نظریے کی بنیاد پر وجود میں آیا تھا اسکا ماضی، حال، مستقبل آج کہاں کھڑا نظر آتا ہے؟
- آخر وہ کونسے عوامل ہیں جن کی وجہ سے مسلمانوں کی اتنی بڑی تعداد اسلام مخالف نظام اور فوجی آمریتوں کے تاریک دور میں رہنے پر مجبور ہے یا اس دھوکہ میں مبتلا ہیں؟
- آپ کو اس غیر اسلامی نظام میں رہنے کے لیے کونسی دلیل مطمئن کرتی ہے؟

اہل پاکستان کو یہ جلد از جلد سمجھنا ہوگا کہ حق کو جاننے کے معیارات کیا ہیں اور اسے کن ذرائع سے سمجھا یا حاصل کیا جاسکتا ہے؟۔ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ آپ کی زندگی کا بیشتر قیمتی حصہ لاحاصل سیاسی بحث مباحثوں، دجالی میڈیا سے حاصل ہونے والی اسلام مخالف جھوٹی کہانیوں میں گم ہو کر رہ جائے گا؟۔ یہ تلخ حقیقت ہے لیکن سچائی یہی ہے کہ جب تک آپ ان سوالوں کے جواب خلوص دل اور نیک نیتی سے ہدایت حاصل کرنے کی کوشش نہیں کریں گے تب تک آپ کو اس نظام اور اس نظام کو بزور قوت قائم رکھنے والی باطل قوتوں سے نفرت اور گھن محسوس نہیں ہوگی ۔

جیسا کہ Malcolm X نے کہا تھا:

میڈیا زمین پر سب سے طاقتور ادارہ ہے۔ ان کے پاس بے گناہوں کو مجرم بنانے اور مجرم کو بے گناہ بنانے کی طاقت ہے، اور اسی طاقت سے وہ عوام کے ذہنوں پر قابض ہیں۔

بطور مسلمان ہماری بڑی ناکامی یہی ہے کہ ہم اس تاریخی موڑ پر اسلام کے اس مزاحمتی حصے سے نفرت کریں یا اس سے اپنا دامن الگ کریں جو ہماری نسلوں کے مستقبل کی خاطر باطل سے الجھ بیٹھا ہو ۔ یاد رکھیں، نظریہ وطنیت کے تحت کوئی ریاست نہ اسلام کو بطور دین نافذ کرے گی اور نہ ہی ایسے مسلمانوں کو برداشت کرے گی جو اس اسلام کو نماز و روزہ، حج و عمرہ سے کہیں زیادہ بطور ایک نظام کے طور پر قبول کرتے ہیں ۔ صرف دو دہائیوں پر محیط ریاستی کارروائیوں کو تفصیل سے یاد کیجئے کہ آپ اس نظام کو قائم رکھنے کے لیے وہاں بھی ریاست کی رٹ کو چیلنج کرنے کا جھوٹا الزام

عائد کرتے تھے جہاں سامنے موجود لوگ آپ کے اپنے تھے، ان کا آپ سے جائز اختلاف تھا، آپ نے انہیں عدالتوں میں مقدمات چلائے بغیر قید رکھا، انہیں لاپتہ کیا، انہیں اذیتیں دیں، انہیں شہید کیا اور سب مظالم کے رد عمل میں جو کچھ ہوا اسے آپ نے انتہائی فریب کاری سے اپنی جنگ ثابت کیا، جبکہ یہ جنگ نہ پہلے کبھی آپ کی تھی نہ آج آپکی ہے ۔ آپ اس جنگ کو درحقیقت ظلم کے اس نظام کو قائم رکھنے کے لیے لڑ رہے ہیں جس کی وجہ سے اس خطے کے مسلمانوں کی بڑی تعداد اذیت اور کرب میں مبتلا ہے ۔

حق جاننے کی جستجو ہرگز ہرگز آسان نہیں ہے، بہت سے بت ٹوٹیں گے، بہت سے ایسے سچ سامنے آئیں گے جو میڈیا پر سنائی جانے والی کہانیوں سے یکسر مختلف ہیں، آپ کو یہ بھی سمجھ آئے گا کہ کیسے کرپٹ اور مغربی مفادات کے محافظ حکمران اپنے ہی لوگوں پر ظلم کے پہاڑ توڑنے کی تعریف مغربی ممالک سے سننا چاہتے ہیں، انہیں اپنی قربانیوں کا اعتراف دیگر باطل قوتوں سے چاہیے، انہیں ملک کی موجودہ معاشی بدحالی اور عوام مسائل سے کوئی غرض نہیں ہے ۔

کسی بھی درست معلومات کے حصول کے لیے آزادانہ ذرائع استعمال کیجئے، جو معلومات خبر کے نام پر آپ تک پہنچ رہی ہے بہت حد تک ممکن ہے کہ وہ ریاستی بیانیہ ہو جسے خبر بنا کر پیش کیا جارہا ہے، اپنے ذہن کو درست معلومات کے لیے خالی رکھنا سیکھیں اور یہ تب ہی ممکن ہے جب آپ کی ذہنی اور جسمانی خواہشات اس دنیا میں بندھی نہ ہوئی ہوں اور ان پر قومیت، عصبیت اود دولت کی چادر نہ چڑھی ہو ۔

# معیشت یا بیوروکریسی؟

آصف محمود کا انڈپینڈنٹ اردو پر شائع ہونے والا کالم

ہماری بیوروکریسی معیشت دوست نہیں ہے۔ معیشت کی راہ میں یہ ایک رکاوٹ ضرور ہے۔ ضابطوں کا ایک ایسا پیچیدہ اور شیطانی سلسلہ جس میں سرمایہ کار بیوروکریسی کے رحم و کرم پر ہوتا ہے۔

دنیا بھر میں سرمایہ کار کے لیے سہولیات ہیں۔ ہمارے ہاں ضابطوں کا کوڑا ہے، جسے بیوروکریسی نے تھام رکھا ہے، جب اور جس کی چاہے کمر لال اور ہری کر دے۔

کسی سرمایہ کار نے درمیانے درجے کا ایک یونٹ لگانا ہو تو درجنوں محکموں کے بیسیوں قوانین اس کی دہلیز پر دستک دینے آ جاتے ہیں۔ افسر شاہی کے داروغے اس کے علاوہ ہیں۔ ایک این او سی، پھر دوسرا این او سی، پھر تیسرا این او سی۔ کسی کاروباری آدمی سے پوچھیے کہ ملک میں سرمایہ کاری کی راہ میں کیا کیا رکاوٹیں حائل ہیں۔ سرفہرست بیوروکریسی ہی ہو گی۔ نوکر شاہی نے ایک ایسا پیچیدہ نظام وضع کر رکھا ہے کہ اس کی خوشنودی کے بغیر سرمایہ دار دو قدم نہیں چل سکتا۔ کسی کی فائل دبا لی، کسی کی غائب کر لی، کسی پر اعتراض لگا دیا، کہیں کوئی قانونی نکتہ نکال لیا۔ یہ سرمایہ کاری کی معاونت نہیں کرتی، اسے منجمد کرتی ہے۔ ان حالات میں سرمایہ دار معیشت پر توجہ دے یا صرف بیوروکریسی کی معیشت کا بوجھ اٹھائے؟ بیوروکریسی کی ساخت نو آبادیاتی اور اس کا مزاج ایسٹ انڈیا کمپنی والا ہے۔ اختیارات لامحدود، وسائل بے پناہ اور احتساب کا کوئی نظام نہیں۔ عوام اس کے نزدیک رعایا اور سرمایہ دار اس کے نزدیک ایک 'امکان' ہے۔ یہ ایسٹ انڈیا کمپنی کی طرح عوام سے دور اور مقامی معیشت سے لاتعلق ہے۔

بس اس کی اپنی معیشت ٹھیک رہنی چاہیے اور مراعات کے چشمے کبھی خشک نہیں ہونے چاہییں۔

اقوال زریں الگ، عملی زندگی کی حقیقت یہ ہے کہ بیوروکریسی سرمایہ کاری میں رکاوٹ ہے۔ کسی نے پھر بھی سرمایہ کاری کرنا ہے تو بیوروکریسی کی یہ رکاوٹیں اسے اپنے سرمائے کے زور پر عبور کرنی ہیں، فائلوں کو پہیہ خود لگانا ہے، بابو لوگ اس مشق میں معاون نہیں ہوں گے، ضابطوں کی رکاوٹ ڈال کر داد وصول کریں گے ۔

اسی حقیقت کو پاکستان میں سعودی عرب کے سابق سفیر جناب علی عواض العسیری انڈپینڈنٹ اردو میں ۲۶ جولائی ۲۰۲۳ کو شائع ہونے والے اپنے کالم میں یوں بیان کرتے ہیں: 'پاکستان میں سرمایہ کاری میں شدید کمی کی ایک اہم وجہ غیر ضروری بیوروکریٹک رکاوٹیں اور ریگولیٹری تقاضے ہیں، جو دراصل سرمایہ کاروں کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں اور نئے منصوبوں کے آغاز کے علاوہ پرانے منصوبوں کی تکمیل میں رکاوٹ کا سبب ہیں۔'

سوال یہ ہے کہ جو بات علی عواض العسیری سمجھ سکتے ہیں وہ بات ہمارے فیصلہ سازوں کی سمجھ میں کیوں نہیں آتی؟ ہم سرمایہ کاروں کے لیے ون ونڈو آپریشن کیوں نہیں شروع کر پائے؟ یقیناً اس کی راہ میں بھی بیوروکریٹک رکاوٹیں ہی حائل ہوں گی۔ نو آبادیاتی بیوروکریسی کا ڈھانچہ فرسودہ ہے۔ یہ دورِ غلامی میں تو چل سکتا تھا لیکن آزاد ریاست اس کی متحمل نہیں ہو سکتی۔ کوئی تسلسل نہیں۔ کوئی منصوبہ بندی نہیں۔ آج ایک صاحب سیکرٹری ہیلتھ ہوتے ہیں، چار ماہ بعد سیکرٹری خزانہ بنا دیے جاتے ہیں، آج زراعت کے سیکرٹری ہوں گے، دو ماہ بعد سائنس اور ٹیکنالوجی کی وزارت کے سیکرٹری بن جائیں گے۔

نہ کوئی مہارت، نہ افتادِ طبع، بس کہیں سمجھ لیا گیا ہے کہ بیوروکریٹ ٹارزن ہوتا ہے۔ جس وزارت میں بھی بھیج دو چلا لے گا۔ نتیجہ ہمارے سامنے ہے۔ ان کی زیادہ تر توجہ اسی بات پر ہوتی ہے کہ مراعات کیسے ہتھیائی جائیں اور ریٹائرمنٹ کے بعد پلاٹوں کی جمع تقسیم کیسے کی جائے۔

چنانچہ بیوروکریسی نے صرف ایک کام میں شاندار کارکردگی دکھائی ہے اور وہ ہے مراعات کا حصول۔ امریکی صدر ۱۵۲ کنال کے گھر میں رہتا ہے اور سرگودھا کا کمشنر ۱۰۴ کنال کے گھر میں۔ سرکاری زمینوں پر ان کے لیے کہیں اسلام آباد کلب قائم ہے تو کہیں جم خانہ۔ سرکاری زمینوں پر ہر ضلع میں بنے آفیسرز کلبوں کا تو کوئی شمار نہیں۔
بیوروکریسی ہماری قومی معیشت کا وہ سوراخ ہے جو قومی خزانے کو بھرنے نہیں دیتا۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس کی رپورٹ کے مطابق ہمارے بیوروکریٹ کی اوسط تنخواہ اقوام متحدہ کے سٹاف کی تنخواہ سے ۱۲ فیصد زیادہ ہے۔ صرف اسلام آباد میں بیوروکریسی کے محلات کا رقبہ ۸۶۴ ایکڑ ہے اور یہ ۲۰، ۳۰ اور ۴۰، ۵۰ ایکڑ کے سائز کے ٹکڑوں میں بنائے گئے ہیں، یعنی یہ قطعات اراضی کمرشل استعمال کے لیے موزوں تر ہیں۔

پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس ہی کی رپورٹ کے مطابق ملک میں یہ سرکاری رہائش گاہیں، جہاں یہ چھوٹے اور بڑے بابو صاحبان قیام پذیر ہیں، اگر نجی شعبے کے حوالے کر دی جائیں تو تقریباً پونے دو کھرب روپے حاصل ہو سکتے ہیں۔ انہیں صرف کرائے پر چڑھا دیا جائے تو ۱۳، ۱۴ ارب روپے حاصل ہو سکتے ہیں۔

بیوروکریسی کا یہ مال غنیمت ہماری جی ڈی پی کا پانچ فیصد یا اب شاید اس سے بھی زیادہ ہو چکا ہے۔ یہ ہماری معیشت کا بلیک ہول ہے۔ فیصلہ کر لیجیے کہ آپ کو کیا چاہیے: معیشت یا نو آبادیاتی بیوروکریسی؟

# پاکستان کے پاس صرف ایک ہی راستہ ہے




مولانا خالد قریشی

پڑوسی کا مطلب ہوتا ہے ایک دوسرے کے کام آنا، ایک دوسرے کی عزت کا خیال رکھنا اور مل جل کر مسائل کو حل کرنا... مگر بدقسمتی سے اس خطے میں برطانیہ نے پاکستان نامی ایک ریاست کو وجود دے رکھا ہے جس کی کسی بھی پڑوسی سے نہیں بن پا رہی ہے۔ نہ تو ایران سے تعلقات بہتر ہیں، نہ افغانستان کے ساتھ اچھا رویہ رکھتا ہے اور نہ ہی ہندوستان کے سامنے ہاتھ جوڑنے کو جی چاہتا ہے، جو کہ شاید اب کرنے چلے جائیں۔

لے دے کر ایک چین دوست تھا، اس کو بھی وہاں ضرب دیتا ہے کہ دنیا جہاں کے محققین حیران رہ جاتے ہیں کہ اس کا الزام کس پر لگایا جائے اور پھر انہی ناکام اداروں کی جانب سے فیک چیٹ کی سکرین شاٹس سامنے آنا شروع ہو جاتے ہیں؟۔ ایک طرف اس ریاست کی ضرورتیں محلے کے کسی بھکاری سے زیادہ ہیں کہ ہر روز نیا اتحادی بنانے کی کوشش کرتا ہے تو دوسری طرف اپنے سے کمزور کے سامنے خود کو ایسی بلا سمجھتا ہے کہ الامان والحفیظ۔ حال ہی میں مجاہدین اور بلوچ حریت پسندوں کی جانب سے شدید حملوں کی زد میں آ کر یہ ایک بار پھر ایسا پھنسا ہے کہ کبھی ایران پر وار کرنے کی کوشش کر رہا ہے، کبھی اندھے بہرے جہاز لیکر افغانستان میں پناہ لیے بے سہارا مہاجرین بچوں پر وار کرتا ہے تو کبھی دوست ملک چین کو نشانہ بنا کر تنکا پکڑنے کی کوشش کر رہا ہے کہ کہیں سے سہارا ملے اور کشتی ڈوبنے سے بچے بھلے ہی خارجہ پالیسیاں خراب ہوں اور کسی اور کا بیڑا غرق ہو۔

سوال یہ ہے کہ ان حالات میں پاکستان کیا کرے، یا کس کا مقابلہ کرے؟

ہندوستان کا مقابلہ تو شاید اب اس کی بس کی بات نہیں رہی، کیونکہ دونوں مادیات پر یقین رکھتے ہیں اور اس سلسلے میں وہ ایشیا کی ایک بہت بڑی معاشی طاقت بن کر ابھر رہی ہے، عالمی ممالک کے ساتھ اس کے تعلقات کو دیکھتے ہوئے پاکستان سے یہ توقع بلکل نہیں رکھی جا سکتی کہ وہ ہندوستان کا مقابلہ کرے۔


ایران کے ساتھ مقابلہ بھی بہت مشکل ہے، گزشتہ دنوں ہم نے دیکھا کہ پاکستانی سرزمین پر ان کے حملے نے ریاست و عوام سب کو ہکا بکا کر دیا تھا۔ درمیان میں بلوچستان بھی مزاحمت ہی مزاحمت ہے تو ایسے میں ایران تک پاکستان کے ہاتھ پہنچنا بہت ہی مشکل ترین لگتا ہے۔

ایک ایسا ملک، جس سے پاکستان سوچتا ہے کہ وہ مقابلہ کر سکتا ہے وہ افغانستان ہے۔ مگر افغانستان جنگ جیتنے اور مادیات سے ہٹ کر توکل علی اللہ اور ان کی آج کل کے حالات میں پاکستان کے ساتھ نظریاتی مخالفت کو دیکھتے ہوئے پاکستان اس میں بھی بہت نقصان کرے گا۔ اگر وہ برطانیہ، روس و امریکہ کے ساتھ لڑسکتے ہیں تو پاس میں پڑے ملک میں لڑنا اور قیادت کیلئے اس جنگ کی کمان سنبھالنا شاید

بائیں ہاتھ کا کھیل سمجھا جائے۔ جان اچکزئی اور ان جیسے دیگر سوشل میڈیا صارفین کی تو بہت خواہش ہے مگر وہ جنگ میں پڑنے کے بعد پچھتاوے کے علاوہ کچھ نہیں کر سکیں گے۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ افغانستان فی الحال کسی سے بھی الجھنا نہیں چاہتا اور اس کی کوشش یہی ہے کہ افغانستان میں امن و ترقی کا سماں ہو۔

ایسے میں تحریک طالبان پاکستان ریاست کی خودخواہی اور ظلم و جبر کو جاری رکھنے کیلئے بہت بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے، جب بھی پاکستان خود کو مامون ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے، ایسا کچھ ہوجاتا ہے کہ کیے کرائے پر پانی پھر جاتا ہے اور ان چیزوں کو سیٹ کرنے کیلئے پاکستان کو پھر سے سالہا سال چاہیئے ہوتے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوچکا ہے کہ اس جنگ کو جیتنا یا کچھ منفی حالات کو اپنے ہی فائدے میں استعمال کرنا اب پاکستان کی بس سے باہر ہوچکا ہے جس کا معقول اور بہتر حل یہی ہے کہ وہ پڑوسیوں سمیت تمام مسلح تنظیموں کے ساتھ بات چیت کرے۔ پاکستان کے سیاسی و غیر سیاسی علمائے کرام سے لیکر سیکولر جماعتوں کے ساتھ مشاورتیں کرے اور آخر میں مسلح قوتوں کے ساتھ مل بیٹھ کر ان کے حقوق سے دستبردار ہوکر انہی کے حوالے کرے۔

نتیجہ یہی دیکھنے کو ملے گا کہ جہاں جہاں مجاہدین ہیں وہاں اسلامی نظام ہوگا، آزادی ہوگی اور یہی مقصد حصول پاکستان بھی ہے۔ بلوچ سرزمین پر بھی آئے روز کے قتل و قتال سے چھٹکارا ملے گا اور غریب مائیں بیٹیاں اپنا حق حاصل کرلیں گی۔ بصورت دیگر پاکستان ایسا ہی رہے گا جیسا کہ دیکھنے کو مل رہا ہے، نہ تو یہ ترقی کا منہ دیکھ سکے گا اور نہ ہی یہاں کوئی معاشی تبدیلی آئے گی۔




# آئینِ پاکستان، اسلامی یا غیر اسلامی؟ قسط (10)

شیخ عبدالرحمن حماد

گزشتہ کئی اقساط میں اس بارے میں حسبِ ضرورت بحث کی گئی کہ بعض طبقات کی طرف بعض مبہم دفعات کی وجہ سے پاکستان کے آئین کو اسلامی کہا جاتا، امید ہے کہ اُس سے قارئین کرام کو بخوبی علم ہوا ہو گا کہ اُن دفعات سے مقصود اس آئین کو اسلامی بنانا نہیں، بلکہ فقط دیندار طبقے کو مطمئن کرنا ہے، یا بوقتِ ضرورت اسے اپنے مطلب اور مفادات کے لیے استعمال کرنا ہے اور بس۔

آئندہ اقساط میں ارادہ تھا کہ مضمون کو مختصر کرتے ہوئے آئینِ پاکستان کی اُن دفعات پر بحث کروں جو صراحتاً اسلامی شریعت کے ساتھ تصادم میں ہیں، مگر اس خیال سے کہ اُن پر بہت سے علماء کرام (شیخ نور الھدی صاحب، شیخ ایمن الظواہری اور شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی صاحب) نے اپنے مخصوص انداز میں بحثیں کی ہیں، امید ہے کہ اکثر قارئین کی نگاہوں سے وہ گزری ہوں گی، اس لیے اپنے ارادے کو بدلتے ہوئے آئینِ پاکستان کی اُن دفعات پر پہلے بحث کرنا مناسب سمجھا جو بظاہر خلافِ شریعت تو نہیں مگر گہرے غور وخوض سے معلوم ہوتا ہے کہ درحقیقت وہ بھی کسی نہ کسی درجے میں اسلامی روایات واَقدار کے لیے بند اور رکاوٹ کی حیثیت سے آئینِ پاکستان کی جزو ہیں، مثلاً کسی بھی بل کی منظوری کے لیے جو دفعات ۷۰ سے ۷۷ تک ہیں جسے ''قانون سازی کا طریقہ کار'' سے تعبیر کیا جاتا ہے، جہاں ان کے لانے کے دیگر بہت سے مقاصد ہیں ایک مقصد یہ بھی ہے کہ اسلامی شریعت کی راہ روکی جائے۔

چنانچہ آئینِ پاکستان کی انھی دفعات کی وجہ سے کئی بار ''شریعت بل'' اور ''حسبہ بل'' نامنظور ہوکر (نعوذ باللہ) ردی کی ٹوکری میں پھینکے گئے، کیونکہ آئینِ پاکستان میں اُس وقت تک کوئی شے قانونی حیثیت اختیار

نہیں کر سکتی جب تک وہ آئینی پروسیجر سے نہ گزرے، اور وہ پروسیجر نہ صرف یہ کہ پیچیدہ ہے بلکہ پاکستان کے معروضی حالات کی وجہ سے اسلامی نظام کی راہ روکنے کے لیے ایک مضبوط بند سے کسی طرح کم نہیں۔

آئینِ پاکستان میں مذکور پروسیجر میں کسی بھی بل کی منظوری کے لیے اسے دو ایوانوں (قومی اسمبلی یا سینیٹ) میں ایک میں بل کی شکل میں پیش کرنا ہوتا ہے (جبکہ قانونی بل کو آئینی بنیادوں پر تیار کے لیے عرصۂ دراز کی ضرورت ہوتی ہے) پھر جب اس ایوان میں دو تہائی ارکان اسے منظور کریں تو پھر دوسرے ایوان میں اسے پیش کیا جانا ضروری ہے، اور اُس ایوان میں بھی دو تہائی ارکان کی تائید وتوثیق ضروری ہے، اگر اس ایوان میں بھی دو تہائی ارکان کی تائید وتوثیق ملتی ہے تو تیسرے مرحلے میں صدرِ پاکستان کے سامنے اسے پیش کیا جاتا ہے، اگر اس کی مرضی ہوئی تو اس پر توثیقی دستخط کر کے وہ بل قانونی شکل اختیار کر لیتا ہے، اور ملک کے رائج قانون کی حیثیت اختیار کرلیتا ہے، اور اگر کسی بھی مرحلے میں اس بل کو مطلوبہ پروسیجر کے مطابق منظوری نہ ملے تو اُسے ملک کے رائج قانون کی حیثیت نہیں ملے گی۔

چنانچہ پاکستان میں تاحال "شریعت اسلامی" کو جو قانونی حیثیت نہیں مل سکی ہے اس کی بنیادی وجہ آئینِ پاکستان کا قانون سازی کا مذکورہ طریقہ کار ہے، کیونکہ پاکستان کی ستتر سالہ تاریخ میں جو لوگ قومی اسمبلی کے ممبر بنے ہیں یا سینٹ کے ممبر بنے ہیں ان کی اکثریت ایسی ہے جو دین سے بیزاری میں مشہور ہیں، وہ صرف اسلامی ٹچ کے قائل ہیں، تاکہ کفر وارتداد کے فتوے سے بچ سکیں، ان کے یہاں ملکی ترقی سیکولر اصولوں کے تحت ہی ممکن ہے، بلکہ وہ اسلامی نظامی کو ترقی کی راہ میں رکاوٹ سمجھتے ہیں، چنانچہ بعض ارکانِ پارلیمنٹ بعض مواقع پر اس کا برملا اظہار کر بھی دیتے ہیں، اور بعض عمومی مجالس میں اس کے کہنے سے تو اجتناب کرتے ہیں مگر نجی مجالس میں اس کا اظہار کرتے ہیں، اور مملکتِ خدا داد کے اربابِ اقتدار میں سے بعض ایسے بدبخت بھی گزرے ہیں جو اسلامی قوانین کو "کالا قانون" سمجھتے ہیں، چنانچہ پنجاب کے چھبیسویں گورنر سلمان تاثیر نے جب اس قسم کے خیالات کا اظہار کیا تو ممتاز قادری شہید رحمہ اللہ نے اسے کیفرِ کردار تک پہنچایا۔

بہرحال! آئینِ پاکستان کی درجہ بالا پروسیجر کی وجہ سے اسلامی نظام ملک کا رائج قانون نہ بن سکا، کیونکہ آج تک (ستتر سال گزرنے کے باوجود) ایسے لوگ پارلیمنٹ میں دو تہائی ممبر نہ بن سکے جو اسلامی نظام کے خواہاں ہوں۔ کیونکہ پاکستان میں جو نظامِ حکومت رائج ہے اس کے ہوتے ہوئے ناممکن ہے کہ ایسا ہو، چنانچہ فروری ۲۰۲۴ کے الیکشن میں تمام مذہبی جماعتوں نے بجائے دو تہائی اکثریت حاصل کرنے کے صرف دو فیصد ووٹ حاصل کئے، تب ہی تو تمام مذہبی پارٹیوں کو اسٹیبلشمنٹ سے گلہ ہے کہ ان کو پارلیمنٹ میں کما حقہ نمائندگی نہیں دی ہے، اور بعض مذہبی جماعتیں تو اسٹیبلشمنٹ کو دھمکانے کے لیے یہ کہنے پر مجبور ہو گئیں کہ انہیں اب یہ فیصلہ کرنا ہے کہ پارلیمانی سیاست کرنی ہے کہ نہیں؟

قارئینِ کرام! میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ پاکستان میں اسلامی شریعت کی راہ میں دیگر بہت سی رکاوٹوں کے ساتھ بنیادی دو رکاوٹیں ہیں، ایک آئینِ پاکستان، اور دوسری افواجِ پاکستان، جن کے ہاتھ میں پاکستانی اسٹیبلشمنٹ ہے، جو نہیں چاہتی

کہ مملکتِ خدا داد میں اسلامی نظام کی بہاریں ہو، کیونکہ اسلامی نظام اُن کے مفادات کے ساتھ ٹکر میں ہے۔ مگر اس کے باوجود بعض لوگ یا تو اپنے مفادات یا اسٹیبلشمنٹ کے خوف یا اسٹیبلشمنٹ کو خوش کرنے کے لئے آئینِ پاکستان کی اسلامیت کے اعلانات کرتے نہیں تھکتے۔ اسی طرح اسلامی نظام کے خواہشمند طالبان کے مقابلے میں افواجِ پاکستان کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں، اور اسلامی نظام کے لیے قربانی دینے والے طالبان کے بارے ایسی غلط فہمی پھیلائے ہوئے ہیں گویا کہ اُن کا اہل سنت والجماعۃ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں، حالانکہ تحریک طالبان پاکستان کے تمام مجاہدین علمائے دیوبند کے پیروکار ہیں، ان کی اکثریت دینی مدارس کے ساتھ تعلق رکھتی ہے، ان میں غیر سنی افکار کے حاملین ہے ہی نہیں، البتہ عملی غلطیوں، خطاؤں اور کوتاہیوں سے انکار نہیں، جن کی اصلاح کے لیے وقتاً فوقتاً مختلف سلسلے تحریک میں بڑی کامیابی کے ساتھ جاری ہیں، اور اللہ تعالی کے فضل سے ان کوتاہیوں پر کافی حد تک قابو پایا گیا ہے۔

خیر! بات یہ چل رہی تھی کہ آئینِ پاکستان میں بہت سی دفعات ایسی ہیں جو بظاہر خلافِ شریعت نہیں مگر گہرے غور وخوض سے معلوم ہوتا ہے کہ درحقیقت وہ بھی کسی نہ کسی درجے میں اسلامی روایات واقدار کے لیے بند کی حیثیت سے آئینِ پاکستان کی جزو ہیں، اور بطورِ مثال دفعہ ۷۰ تا ۷۷ کو پیش کیا کہ اس "قانون سازی کے طریقہ کار" کی وجہ سے ستتر سال سے مملکتِ خدا داد پاکستان اسلامی نظام سے محروم ہے۔

مذکورہ قانون سازی کے پروسیجر میں دیگر خرابیوں کے ساتھ یہ خرابی بھی ہے کہ اس پروسیجر میں اسلامی نظام کا استثناء نہ کرنے کی وجہ سے یہ قوی شبہہ موجود ہے کہ پاکستانی آئین میں مقننہ (قومی اسمبلی اور سینٹ) اسلامی شریعت پر بالادست ہے، وہ چاہیں تو اسلامی قانون کو (نعوذ باللہ) مسترد کر سکتے ہیں، اور عملاً ایسا کئی بار ہوا بھی ہے۔ تو جو آئین ایسے خطرناک دفعات پر مشتمل ہو اُسے کس طرح اسلامی کہا جا سکتا ہے؟

اسی طرح آئینِ پاکستان کی دفعہ ۱۸ بھی بظاہر خلافِ شرع نہیں، کیونکہ اس میں: "ہر شہری کو کوئی جائز پیشہ یا مشغلہ اختیار کرنے اور کوئی جائز تجارت یا کاروبار کرنے کا حق ہوگا"۔

بظاہر یہ دفعہ خلافِ شرع نہیں، کیونکہ اس دفعہ میں تجارت، پیشہ، مشغلہ، اور کاروبار کے ساتھ "جائز" کی قید ہے، لیکن جائز سے اگر شرعی جواز مراد ہو تب تو ٹھیک ہے، مگر ایسا ہے نہیں، کیونکہ آئین میں جا بجا "جائز" کا لفظ "قانونی" کے طور پر مستعمل ہے۔ اور پاکستان کا قانون اسلامی نہیں بلکہ لارڈ میکالے کا قانون ہے جو کہ غیر اسلامی قانون ہے۔ تب ہی تو پاکستان کے تمام مارکیٹس (بشمولِ سٹاک ایکسچینج) میں بیوع کی بہت سی اقسام یا تو بیوعِ باطلہ کی ہیں یا بیوعِ فاسدہ کی، بلکہ پاکستان کا نظامِ معیشت سودی نظام پر کھڑا ہے، اکثر بڑے بڑے کاروبار سودی قرضوں پر چل رہے ہیں، اپنے کاروبار کا انشورنس کروانا بہت سے اداروں میں لازمی ہے حالانکہ اس کے ناجائز ہونے پر تمام مکاتبِ فکر کے علماء متفق ہیں، عوامی سطح پر تو یہ معاملات ہیں ہی، حکومتی سطح پر جو قرضے ملکی مصالح کے نام پر عیاشیوں کے لئے ملکی بینکوں یا بیرونی ممالک اور اداروں سے لئے جاتے ہیں وہ سودی ہوتے ہیں، جن کی وجہ سے ملک آئے دن دیوالیہ (ڈیفالٹ) ہونے کے قریب ہو چکا ہے۔

مگر یہ اور ان جیسے دیگر ناجائز کاروبار، پیشوں اور مشغلوں کو کسی عدالت میں چیلنج اس لئے نہیں کیا جا سکتا کہ یہ خلافِ شریعت ہیں، کوئی بھی پاکستانی

شہری کسی بینک پر یہ مقدمہ نہیں دائر کر سکتا کہ اس میں سودی معاملات ہوتے ہیں، کوئی بھی پاکستانی شہری شراب کا کاروبار کرنے والے کے خلاف مقدمہ نہیں کر سکتا کہ فلاں ناجائز کاروبار کر تا ہے، بلکہ تمام اہلیانِ پاکستان کو پتہ ہے کہ ان کو لائسنس اور پرمٹ حکومت ہی دیتی ہے، اور ان کے تحفظ کے لئے پولیس بھی حکومت مہیا کرتی ہے۔

اس لئے یہ کہنا بجا ہے کہ آئین میں جہاں "جائز" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے وہ "قانونی" کے معنی میں ہے، اور قانونی سے مراد وہ عدالتی نظام ہے لارڈ میکالے کا بنایا ہوا ہے جس کے غیر اسلامی قانون ہونے میں کسی بھی عالمِ دین کو اختلاف نہیں۔ تو مذکورہ دفعہ نے اسلامی اصول وقوانین کی پشت بانی نہیں کی ہے بلکہ لارڈ میکالے کے بنائے ہوئے اُس ناجائز عدالتی نظام کی پشت بانی کی ہے جو ستتر سال سے اہلیانِ پاکستان پر زبردستی مسلط کردہ ہے، جس سے پاکستان کے مسلمان جان چھڑانا چاہتے ہیں مگر ناپاک فوج اور دیگر ظالم سیکیورٹی ادارے اس راہ میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں، جو کسی بھی صورت میں پاکستان میں اسلامی نظام کے لئے آواز اٹھانے والوں کو دبانے کے لئے تیار رہتے ہیں۔

جاری ہے...

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ج
فَمِنْهُمْ مَّن قَضٰى نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّن يَّنْتَظِرُ

امارت اسلامیہ افغانستان کے سرکردہ رہنماؤں کی
سوانحِ حیات پر لکھی گئی پشتو کتاب دسپین کاروان سرلاری کا اردو ترجمہ

# "رہنمائے قافلۂ حق"

مترجم: شیخ ابو محمد حماد




قسط (۱۵)

## شہید مولوی عزت اللہ عارف صاحب رحمہ اللہ کی زندگی اور کارنامے

تحریر: خبیر احمد صاحب

